© rasailojaraid.com

پیغمبروں نے اپنی دعوت کے مختلف مراحل میں مانگی ہیں قرآن کے مطالب میں غیر معمولی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

یہ وہ دعائیں ہیں جو مصائب و تکالیف اور دشمنانِ دعوتِ دین کی اذیت رسانیوں کے پیش نظر انبیائے کرام کی مبارک زبانوں سے ادا ہوتی تھیں، اس لیے ان میں مکمل اظہارِ مدعا بھی ہے اور خلوص و للٰہیت کا رنگ بھی نمایاں ہے۔ حافظ صاحب نے ان دعاؤں کی تشریح و توضیح کرتے ہوئے انہی پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی سعیٔ بلیغ فرمائی ہے۔ اور یہی چیز قرآنی دعاؤں کے اس مجموعے کو دوسرے مجموعوں سے منفرد و ممیز کرتی ہے۔

کتاب کا سرورق بہت جاذبِ نظر ہے۔ کتابت و طباعت بھی عمدہ ہے۔ ہماری رائے میں ہر اس شخص کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے جو اپنے خدا کے ساتھ سرگوشیوں سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے۔

---

**فقہائے ہند (جلد دوم)** تالیف: مولانا محمد اسحاق بھٹی

ناشر: ادارہ ثقافتِ اسلامیہ۔ کلب روڈ۔ لاہور

صفحات: ۲۶۴ قیمت: گیارہ روپے پچاس پیسے۔

مولانا محمد اسحاق بھٹی کے معروف سلسلہ "فقہائے ہند" کی یہ دوسری جلد ہے جو نویں صدی ہجری کے ایک سو پانچ فقہائے برصغیر کے حالات و سوانح پر مشتمل ہے۔ ہندوستان میں یہ وہ دور ہے جس میں تیمور لنگ نے اس ملک پر حملہ کیا اور اس کے باشندوں پر بے پناہ مظالم ڈھائے۔ مقدمہ کتاب میں تیمور لنگ اور اس عہد کے علاوہ ضروری تفصیلات درج ہیں۔ نیز ہند کے مشرقی سلاطین، بہلول لودھی، سلاطینِ گجرات اور سلاطین بہمنیہ کے بارے میں بہترین معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں۔ سو سال کے اس طویل عہد میں ہندوستان کے مختلف علاقوں پر یہی حکمران داد حکمرانی دیتے تھے اور ان کے نزدیک علم و علماء کو انتہائی قدر و منزلت حاصل تھی۔ فاضل مصنف نے پوری محنت سے ان تمام واقعات کو یکجا کر دیا ہے جو مختلف تذکروں اور کتبِ تاریخ میں بکھرے پڑے ہیں۔

© rasailojaraid.com